# Simeon

# شمعون

فرمودہ از:

ریورنڈ ولیم میرئین برینہم

مترجم: پاسٹر فاروق انجم

Publisher: Pastor Javed George

End Time Message Believers Ministy Islamabad Pakistan

*We are thankful to Gospel Way Outreach ;Kaiapoi,*

*New Zealand. They have given us helping hand to publish the books. Because this church has helped us to spread the End Time Message, which was given to Brother William Marrion Branham*

File C:\Users\Admin\Desktop\Graphic1.JPG not found.

پیغام۔۔۔۔۔۔۔شمعون

واعظ۔۔۔۔۔۔۔ریورنڈ ولیم میریئن برنہم

تاریخ۔۔۔۔۔۔۔4اگست 1954ء بوقت شام

مقام۔۔۔۔۔۔۔لاس اینجلس، یوایس اے

مترجم۔۔۔۔۔۔پاسٹر فاروق انجم

اشاعت۔۔۔۔۔۔اپریل 2020ء

# Simeon

# شمعون

E-1 ............ میں جانتا ہوں کہ میرا خدمت کا حصہ ناکام نہیں ہوگا، خدا کا کلام بے انجام واپس نہ آئے گا، میں اُس کے کلام میں سے کچھ پڑھنا چاہوں گا۔لوقا 2 باب کی 25ویں آیت سے ہم پڑھتے ہیں کہ:

> اور دیکھو یروشلم میں شمعون نام ایک آدمی تھا،اور وہ آدمی راستباز،اور خدا ترس، اور اسرائیل کی تسلّی کا منتظر تھا، اور روح القدس اُس پر تھا۔اور اُس کو روح القدس سے آگاہی ہوئی تھی کہ جب تک تو خداوند کے مسیح کو نہ دیکھ لے،موت کو نہ دیکھے گا۔

خداوند اپنے کلام کی تلاوت میں اپنی برکت شامل کرے۔

E-2 اب ہم چند لمحات کے لئے اپنے مضمون کو لینا چاہیں گے۔کل شام میں آپے سے باہر ہو گیا اور منادی شروع کر دی، کیونکہ بہت پیاری روح موجود تھی، اور ہم بڑا جلالی وقت گزار رہے تھے۔جب میں ان یہودیوں کو یروشلم کی طرف واپس آتے دیکھتا ہوں،تو اس سے مجھے یاد آتا ہے کہ اب چند ہفتوں سے زیادہ وقت نہیں رہ گیا، کہ اگر خداوند کی مرضی ہوئی تو میں اُسی طرف جا رہا ہوں۔میرے پاس ایک رویا ہے جو کل شام آپ کو بتاؤں گا، اور وہ اس بات سے متعلق ہے کہ جب میں وہاں پہنچوں گا تو کیا واقع ہوگا۔آپ اسے اپنی بائبل کے آخر میں لکھ لینا اور دیکھنا کہ آیا یہ اسی طرح پوری ہوتی ہے کہ نہیں، یا کسی کاغذ وغیرہ پر لکھ لینا۔

E-3 برادر جیگرز ، بہت سے دیگر لوگ کرسمس تک نشری پیغام کے لئے فلسطین جا رہے ہیں۔ مجھے بھی وہاں مدعو کیا گیا، اور خدا کے فضل اور مدد سے میں بھی مسیح کی خاطر کی جانے والی اس عظیم مہم میں مدد دینے کے لئے وہاں جاؤں گا۔ میں وہاں جا رہا ہوں لیکن یہ معلوم نہیں کہ واپس کب آ ؤں گا۔ میرا کوئی طے شدہ وقت نہیں ہے۔ میں اُس وقت تک ٹھہرا رہوں گا جب خداوند کہے گا کہ ''یہ پورا ہو گیا''، اور پھر میں واپس آ جاؤں گا۔

E-4 آپ میں سے ہر شخص مشنری ہدیہ دے کر اس میں حصہ لے سکتا ہے۔ میں آپ عزیزوں کو یقین دلا سکتا ہوں کہ یہ پیسہ اِسی کام کے لئے صرف ہو گا۔ اگر ایک سکہ بھی بچ رہا ہو گا، تو میں دو سینٹ میں ایک چھوٹے بچے کے لئے شام کا کھانا خرید لوں گا۔ میرے پاس جو کچھ بچے گا اس سے میں بھوکے لوگوں کو کھانا کھلاؤں گا۔ مجھے یقین ہے کہ آپ اپنا پیسہ اِس سے زیادہ بہتر جگہ نہیں لگا سکتے۔ میں اِس کو سراہتا ہوں۔ آپ کا بے حد شکریہ۔

E-5 میں غریب آدمی ہوں۔ آپ جانتے ہیں کہ میری عبادات پیسے کے لئے نہیں ہوتیں، ہر شخص کو یہ معلوم ہے۔ میں نے اِن کو اِس چیز سے بچا کر رکھا ہے، اور میں ہمیشہ اِن کو ایسا ہی رکھنا چاہتا ہوں۔ میرے دل میں یہ ہے کہ میں کسی کی مدد کروں۔ سب سے بڑی برکت دینے میں ہے۔ لینے سے دینا زیادہ عظیم ہے۔

E-6 اگر کوئی ایک پیسہ ہدیہ لئے بغیر بھی میں عبادات کے اخراجات برداشت کرنے کے قابل ہوتا، تو میں ایسا ہی کرتا۔ لیکن میں ایسا کر نہیں سکتا۔ میں تو لوگوں کی دی ہوئی خیرات پر گزر بسر کرتا ہوں۔ آپ کو یہ معلوم ہے۔ آپ جانتے ہیں کہ میں رہتا کہاں ہوں، آپ سب کچھ جانتے ہیں۔ اس کی کبھی بھی تحقیق کی جا سکتی ہے۔

بعض اوقات میں اس قدر مفلس ہو جاتا ہوں کہ ایک عبادت سے دوسری تک میرے بینک میں

پچاس سینٹ باقی رہ جاتے ہیں۔بعض اوقات میں بینک سے زائد رقم نکلوا چکا ہوتا ہوں،لیکن ایسی صورتوں میں مَیں دوسروں کی مدد کر رہا ہوتا ہوں۔

E-7 آخرکار، اگر یہ زمین ہی ہوتی جس کی طرف مجھے نگاہ رکھنا ہوتی،تو میں زمینی چیزوں پر نظر رکھتا۔لیکن میں نے اپنی نظریں اوپر کی چیزوں پر رکھی ہیں جہاں خدا دہنی طرف بیٹھا ہے۔اور کسی روز مجھے اُس کے سامنے اپنی مختاری کا حساب دینا ہے۔اور جس طرح اُس کے لوگوں نے دیا ہوتا ہے، میں اُس کے جلال کے لئے اُسی طرح کھلے ہاتھوں آگے دینا چاہتا ہوں۔خدا آپ کو برکت دے۔

E-8 ہمیں دعا کرنی چاہئے۔

E-9 باپ، میری دعا ہے کہ تو اِن چند الفاظ کو جو آج شام تیرے کلام میں سے پڑھے گئے ہیں برکت عطا کر۔تمام گیتوں اور خدمات کو جو اَب تک ہوئیں برکت دے۔اور اب، جیسا کہ تھوڑی دیر تک ہم بیماروں کے لئے دعا کرنے کو ہیں، بخش دے کہ تیرا پاک روح، پہلے کی طرح ہی اپنے عظیم پروں کو اِس پوری عمارت کے اندر پھیلائے، اور رحم کی شفاف شبنم کے قطرے اور شفا کے قطرے آج رات ہر شخص پر گریں۔اِس لئے کہ ہم یہ سب کچھ یسوع کے نام میں مانگتے ہیں۔ آمین۔

E-10 میں بس دعائیہ کمرے سے نکل کر، کوئی ایک لفظ بھی بولے بغیر، سیدھا چلتا ہوا، اور برادر جیگرز سے مصافحہ کر کے سٹیج پر آ گیا ہوں، اور میں بس چند منٹ بولوں گا۔میں عمارت کے اندر موجود لوگوں کے احساسات کا میلان حاصل کرنا چاہوں گا۔اگر اِس مقصد کے لئے آپ چند لمحے مجھے معاف فرمائیں۔خدا آپ کو برکت دے۔

E-11 اب میں شمعون کے متعلق بات کرنے جا رہا ہوں۔شمعون ایک عمر رسیدہ دانا شخص تھا جو خداوند یسوع کی پہلی آمد سے کچھ دن پہلے دنیا میں موجود تھا۔اور خدا نے کبھی خود کو گواہی کے بغیر

رہنے نہیں دیا۔خدا نے ہمیشہ روئے زمین پر کسی ایسے شخص کو رکھا ہے جس پر وہ اپنا ہاتھ رکھ سکے۔وہ تقریباً کسی ایک فرد کے پاس اترتا ہے، بلکہ اُس نے ایک ایسا شخص رکھا ہوتا ہے جس پر وہ ہاتھ رکھ کر کہہ سکے ''یہ میرا خادم ہے''۔اور ایسے وقت میں اُس کے پاس بہت کم لوگ باقی رہ گئے ہوتے ہیں۔

E-12 بنی اسرائیل ٹوٹ پھوٹ اور برگشتگی کا شکار ہو چکے تھے، اور خدا نے اُنہیں سزا دی تھی۔ اُن دنوں وہ رومی سلطنت کے ماتحت تھے، اور یروشلم پر رومیوں کا اختیار تھا۔خداوند یسوع مسیح کی پہلی آمد سے قبل یہودیوں کے لئے یہ وقت بڑا دکھ بھرا تھا۔

E-13 لیکن خدا کے پاس لوگوں کا ایسا بقیہ تھا جو کسی چیز کے وقوع پذیر ہونے کا منتظر تھا، خواہ جتنے بھی ایام گزر گئے تھے، جتنے بھی زمانے گزر گئے تھے، وہ اب بھی اسرائیل کی تسلی کے منتظر تھے۔ جیسا کہ حنہ جو ایک نابینا نبیہ تھی جو ہر وقت ہیکل میں رہتی تھی، بزرگ شمعون جو خداوند کی آمد کا منتظر تھا، یوحنا بپتسمہ دینے والا اُس کا متلاشی تھا، اور دیگر لوگ جو بقیہ میں شامل تھے، اُس کی آمد کے منتظر تھے، زکریاہ اور الیشبع اُس کی آمد کے منتظر تھے۔

E-14 اور روح القدس اِس نیک نام بزرگ پر تھا۔اور ایک دن روح القدس نے اُس سے کہا ''شمعون، جب تک تو مسیح کو نہ دیکھ لے موت کو نہ دیکھے گا''۔اور اِس پر ایمان رکھنے کے لئے اُس کے پاس اچھی دلیل موجود تھی۔اگر یہ روح القدس نے کہا تھا، تو اسی طرح ہوگا، خدا جو کچھ بھی کہتا ہے، درست ہوتا ہے۔اب میں تصور کر سکتا ہوں کہ شمعون ملک بھر میں کہتا پھر رہا ہوگا'' جانتے ہو، جب تک میں مسیح کو نہ دیکھ لوں، میں مرنے کا نہیں''۔

E-15 اب آپ تصور کر سکتے ہیں کہ لوگ کیا سوچتے ہوں گے۔وہ کہتے ہوں گے ''بیچارے بوڑھے کی ذہنی صلاحیتوں میں کوئی خرابی پیدا ہوگئی ہے۔سمجھے؟ وہ درست نہیں کہہ رہا، کیونکہ داؤد

اُس کا منتظر تھا، نبی اُس کے منتظر تھے۔ اور ہم ہمیشہ سے کہیں زیادہ بُری حالت اور غلامی میں ہیں۔ اور وہ مسیح کو کیونکر دیکھنے جا رہا ہے؟ اب وہ اسّی سال کا ہو چکا ہے، بلکہ اب تو اُس کا ایک پاؤں قبر میں ہے، اور وہ اِس طرح کہہ رہا ہے۔ وہ کہیں کسی سراب کا شکار ہو گیا ہے''۔

E-16 اور اکثر ایسا ہوتا ہے کہ جب لوگ فی الحقیقت خدا پر بھروسا کرتے ہیں تو لوگ کہتے ہیں کہ یہ کسی سراب یا دیوانگی کا شکار ہو گئے ہیں۔

E-17 بالکل اُسی طرح جیسے اُن دنوں ہیکل میں حنہ تھی۔ وہ اندر آئی، وہ ہیکل میں یہ دیکھنے نہ گئی کہ عورتیں کس طرح کے ہیٹ پہنے ہوئے تھیں۔ وہ اِس پر بات نہیں کرنا چاہتی تھی کہ نیا گھر کس نے تعمیر کیا ہے، یا اگلے سال کے لئے کپڑوں کا کون سا فیشن ہوگا۔ وہ سیدھی ہیکل کی طرف گئی اور مذبح کے پاس پہنچی۔ وہ وہاں گر کر دعا کرنے لگی، یہاں تک کہ کاہن نے بھی خیال کیا کہ وہ نشہ میں ہے۔ وہ نشہ میں نہ تھی۔ اُسے غلط سمجھا گیا تھا۔

E-18 آج بھی بہت لوگوں کے ساتھ یہی ہوتا ہے۔ وہ نشہ میں یا پاگل نہیں ہوتے، اُن کو غلط سمجھا جاتا ہے۔ بالکل، اُن کے بارے غلط تصور کیا جاتا ہے۔ جب آپ روحانی چیزوں میں داخل ہوتے ہیں............تو دنیاوی ذہن رکھنے والوں کو یہ چیزیں جسمانی دکھائی دیتی ہیں۔

E-19 اور شمعون بھی اِسی قسم کا شخص تھا۔ لیکن لوگ اُس کے بارے میں خواہ کچھ بھی کہہ رہے تھے، تو بھی وہ ایمان رکھتا تھا کہ وہ مسیح کو دیکھے گا، اِس لئے کہ یہ روح القدس نے کہا تھا۔ یہ بہتر طریقہ ہے۔

E-20 اگر روح القدس آپ کو کچھ بتاتا ہے، تو آپ فقط ایمان رکھیں کہ آپ اسے حاصل کریں گے، اور ضرور حاصل کریں گے۔ خواہ جتنی بھی مدت گزر جائے، وہ یقیناً اسے سامنے لائے گا۔ اُسے یہ کرنا ہوگا، کیونکہ اُس نے ایسا کرنے کا کہا تھا۔

E-21 اور میں تصور کر سکتا ہوں کہ وہ بوڑھا چلتے پھرتے گواہی دیتا اور لوگوں کو بتاتا تھا کہ وہ تب تک نہیں مرے گا جب تک مسیح کو نہ دیکھ لے۔ وہ اِس پر امید لگائے بیٹھا تھا۔

E-22 اور اگر آج رات آپ کوئی توقع کئے بیٹھے ہیں، تو آپ اپنی اُس امید کو پائیں گے۔ یہ سچ ہے۔

E-23 اگر آپ آئیں اور کہیں ''آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ میں اُن فل گاسپل عبادات پر یقین نہیں رکھتا۔ میں جانتا ہوں کہ ان میں کچھ خرابی ہے۔ میں وہاں جا رہا ہوں، اور مجھے یقین ہے کہ میں وہ خرابی تلاش کر لوں گا''۔ فکر مت کریں، شیطان آپ کو دکھائے گا، آپ کو بہت سی خرابیاں نظر آئیں گی۔ آپ کہیں گے ''اِس شخص کو زور سے چلّانا نہیں چاہئے۔ اِس شخص کو غیر زبانیں نہیں بولنی چاہئیں۔ خادم کو وہ نہیں کہنا چاہئے تھا جو کچھ اُس نے کہا۔ اُنہوں نے لباس درست نہیں پہن رکھا تھا''۔ وہ آپ کو تنقید کے لئے بہت کچھ دکھا دے گا۔ اگر آپ تنقید کی توقع لے کر آئیں گے، تو وہ آپ کو دکھا دے گا۔

E-24 لیکن اگر آپ برکت کی توقع لے کر آئیں گے، تو خدا یہ دیکھ لے گا۔ آپ کو وہی ملے گا جس کی آپ توقع کریں گے۔ اگر آپ آج رات شفا کی امید کے ساتھ آئیں گے تو تندرست ہو کر گھر جائیں گے، اگر آپ اِس کی امید رکھتے ہیں۔ یہ بالکل سچ ہے۔ لیکن پہلے آپ کو کسی امید کا حامل ہونا ہوگا۔ آپ کو اس پر ایمان رکھنا ہوگا۔

E-25 یہی سبب ہے کہ مجوسیوں کے سوا اُن دنوں میں اَور کسی نے وہ ستارہ نہ دیکھا، کیونکہ وہ امید رکھتے تھے کہ وہ اُنہیں دکھائی دے گا۔ وہ اُس ستارے کے طلوع ہونے کے منتظر تھے۔ اور بلعام نبی نے کہا تھا کہ یعقوب میں سے ایک ستارہ نمودار ہوگا۔ اور وہ دانشمند افراد ماہرین فلکیات تھے، اور وہ اُس ستارے کو تلاش کر رہے تھے۔ اِسی لئے وہ اُنہیں نظر آ گیا۔

E-26 اگر آپ خداوند کی آمد کے متلاشی ہیں ،تو بِلا شبہ، آپ بہرصورت اسے دیکھیں گے۔ میرا ایمان ہے کہ اگر آج رات آپ متلاشی ہیں اور ایمان رکھتے ہیں کہ خدا آپ کو شفا عطا کرے گا ،تو آپ اِسے حاصل کریں گے۔اور جو کچھ آپ مانگیں گے، خدا آپ کو دے گا، اگر آپ اس پر شک کا کوئی سایہ نہ پڑنے دیں بلکہ ایمان رکھیں۔

E-27 اب میں یہ چیز یروشلم میں تصور کرسکتا ہوں۔ یہ بچہ یہودیہ کے پہاڑوں میں پیدا ہوا تھا، وہ غریب، اور کچھ چرواہوں کے بیچ ایک چرنی میں پیدا ہوا تھا۔اب، وہ سردار کاہنوں کو بتانے کے لئے اُن کے پاس نہیں گیا، یا فرشتے کلیسیا، یا اُس زمانہ کی بڑی تنظیم کے پاس یہ کہنے نہیں گئے کہ ’’اب ،ہم مسیح ،یعنی نجات دہندہ کو لائے ہیں‘‘۔ وہ اُن غریب، خاکسار چرواہوں کے پاس گئے جو باہر پہاڑی کے پہلو میں تھے۔اور اُنہی کسانوں ،غریب ترین لوگوں کے پاس جا کر فرشتے گا گا کر کہہ رہے تھے’’آج داؤد کے شہر میں مسیح بادشاہ پیدا ہوا ہے‘‘۔

E-28 اور ہم یہ بھی دیکھتے ہیں کہ اُس زمانہ میں خبریں پہنچانے کے لئے چھاپہ خانہ،ٹیلیفون ، ٹیلی ویژن نہیں تھے جیسے آج ہمارے پاس ہیں۔اُس وقت ذریعہ فقط منہ سے کان تک کا تھا۔غالبًا یہ خبر تب تک یروشلم نہیں پہنچی تھی کہ وہ بچہ،یعنی مسیح پیدا ہو چکا تھا۔

E-29 لیکن آیئے ہم فرض کرتے ہیں کہ یہ ہیکل میں سوموار کا دن تھا۔اُس وقت یروشلم میں یا پورے فلسطین میں بیس لاکھ یہودی تھے۔شاید اُس وقت ہر شب ڈیڑھ سو، یا دو سو نرینہ بچے پیدا ہوتے تھے جن کا آٹھویں دن ختنہ کرنا ہوتا تھا۔اور اُنہیں طہارت کے لئے قربانی چڑھانا ہوتی تھی۔اور اب جبکہ ہم پیغام کا اختتام کرنے والے ہیں،تو اس منظر کو بیان کرنے کے لئے ہم ایک لمحہ کے لئے فرض کرتے ہیں کہ سوموار کی صبح تھی۔سوموار کی صبح ہے اور ہیکل میں سرگرمی عروج پر ہے، لوگ آرہے ہیں، جارہے ہیں، اِدھر سے اُدھر بھاگ رہے ہیں،قربانیاں پیش کررہے ہیں وغیرہ۔

E-30 آ یئے اپنے دوست شمعون کو تصور میں لاتے ہیں ، یعنی اُس شخص کو جس سے روح القدس نے وعدہ کر رکھا تھا کہ وہ مسیح کو دیکھے گا۔ میں تصور کروں گا کہ جب اُس کی عمر کچھ بڑھی تو اُس نے حیران ہونا شروع کر دیا کہ ''اے خدا، تو نے مجھ سے یہ وعدہ کیا تھا، میرا ایمان ہے کہ میں اسے دیکھوں گا''۔ وہ اُسے دیکھنے کا بھوکا اور پیاسا تھا۔ اُس کے اندر کوئی چیز تھی جو اُسے بتاتی تھی کہ وہ مسیح کو دیکھے گا۔ روح القدس گواہی دیتا رہا۔

E-31 جیسا کہ داؤد نے کہا ''تیرے آبشاروں کی آواز سے گہراؤ گہراؤ کو پکارتا ہے''۔ جب ایک گہراؤ دوسرے گہراؤ کو پکارتا ہے، تو اُس آواز کا جواب دینے کے لئے آگے کسی گہراؤ کا موجود ہونا ضرور ہے۔ کیا آپ کو یہ معلوم ہے؟ اگر یہاں اندر کوئی چیز موجود ہو جو کسی چیز کو پکارے، تو اُس آواز کا جواب دینے کے لئے بھی کسی چیز کا موجود ہونا لازم ہے۔

E-32 اِس پر بولتے ہوئے میں نے اکثر کہا ہے کہ ''اِس سے پہلے کہ کسی مچھلی کی پشت پر اُس کا پَر بنا، پہلے پانی کا موجود ہونا ضرور تھا جس میں وہ تیر سکے، ورنہ اُس کا پَر کبھی نہ بنتا''۔ یہ سچ ہے۔ اِس سے پہلے کہ زمین میں اُگنے کے لئے کوئی درخت پیدا ہوتا، زمین کا پہلے موجود ہونا ضرور تھا جس میں درخت اُگ سکے، ورنہ کوئی درخت ہی نہ ہوتا۔

E-33 اور کچھ عرصہ پہلے، کچھ سال پہلے میں نے پڑھا کہ ایک بچہ پنسلوں کے ربڑ یعنی مٹانے والا حصہ کھا جاتا تھا، سائیکل کا پیڈل کھا جاتا تھا، اُسے جو ربڑ بھی ملتا کھا جاتا تھا۔ اور وہ اُسے ڈاکٹر کے پاس لے گئے، اور اُسے لیبارٹری لے جا کر معائنہ کیا گیا۔ نتیجہ یہ معلوم ہوا کہ اُس کے جسم کو گندھک کی ضرورت تھی۔ ربڑ میں گندھک پائی جاتی ہے۔ دیکھئے، اگر یہاں کوئی چیز گندھک کو پکار رہی تھی، تو اُس پکار کا جواب دینے کے لئے کہیں گندھک موجود ہونا چاہئے تھی۔ اگر کہیں..................

E-34 چند برس پہلے، پہلی اصلاح کے بعد، لوگ بھوکے اور پیاسے ہونے لگے، جب کلیسیا اینگلیکن چرچ میں داخل ہوئی، مارٹن لوتھر کی اصلاح کے بعد، لوگ نجات سے کہیں بڑھ کر خدا کے طلبگار ہوئے۔

E-35 خدا نے جان ویسلی نام کے ایک شخص کو کھڑا کیا جس نے تقدیس کی منادی کی۔ اگر وہ ایمان لائے کہ تقدیس کہیں پر تھی، اگر یہ کلام کے اندر تھی، تو وہ ایمان لائے اور تقدیس حاصل کی۔

E-36 اور جب وہ میتھوڈسٹ ٹھنڈے ہونا شروع ہوئے، لوگ ابھی بھی خدا کے طلبگار تھے۔ خدا نے پنتی کاسٹلوں کو کھڑا کر دیا اور اُنہیں روح القدس کا بپتسمہ دیا۔

E-37 اب پنتی کاسٹل ٹھنڈے ہو رہے ہیں۔ خدا پھر اُسی طرح آگے بڑھ رہا ہے۔ سمجھ گئے؟ اِس لئے کہ لوگ اب بھی نشانوں اور عجیب کاموں اور خدا کے لئے بھوکے اور پیاسے ہو رہے ہیں۔

E-38 اور جیسے یقینی طور پر آپ خدا سے کچھ زیادہ کے لئے طلبگار ہو رہے ہیں، تو اس پکار کا جواب دینے کے لئے خدا کے پاس زیادہ کچھ ہونا ضرور ہے۔ بالکل ایسا ہی ہے۔ اِسے وہاں موجود ہونا چاہئے۔

E-39 شمعون اِس بات کا طلبگار تھا کہ روح القدس اپنے وعدہ کو پورا کرے۔ میں دیکھ سکتا ہوں کہ وہ عظیم ہیکل کے عقبی دعائیہ کمرے میں اُس صبح موجود تھا، اور لوگوں کی آمدورفت جاری تھی۔ آیئے ہم تصور کرتے ہیں کہ ہمارا آج رات کا مذکورہ شخص شمعون پیچھے کمرے میں بیٹھا یسعیاہ کی کتاب کا طومار پڑھ رہا تھا، جس طرح کہ اُن دنوں میں ہوتا تھا ''ہم سب بھیڑوں کی مانند بھٹک گئے، اور خداوند نے ہم سب کی بدکرداری اُس پر لادی'' وغیرہ۔

E-40 اب ذرا دیکھتے ہیں کہ باہر ہیکل میں کیا ہو رہا تھا۔ میں لوگوں کو آتے جاتے دیکھتا ہوں۔ شمعون اندر بیٹھا مطالعہ کر رہا تھا۔ دُور پیچھے تک میں تقریباً دوسو عورتوں کی ایک لمبی قطار دیکھتا

ہوں، جواُس صبح اپنے بچوں کو ختنہ کرانے کے لئے اٹھائے کھڑی تھیں۔ وہ اپنی قربانیاں بھی لائی تھیں، اگر کوئی بچہ امیر ہوتا تھا تو وہ برّہ پیش کرسکتا تھا، اوراگر کوئی بچہ غریب ہوتا تو وہ قمریوں کا جوڑا گذران سکتا تھا۔

E-41 میں اُس قطار میں ایک نوجوان کم عمر عورت کو دیکھ رہا ہوں، جو اٹھارہ سال سے زیادہ کی نہیں تھی، جس نے رسمی لباس اور چہرے پر نقاب اوڑھ رکھا تھا، اُس کے بازوؤں میں چھوٹا سا بچہ تھا جو کپڑے میں لپٹا ہوا تھا اور وہ اُسے دیکھے جا رہی تھی۔

E-42 میں کسی عورت کو یہ کہتے سن سکتا ہوں ''آپ جانتی ہیں، آپ جانتی ہیں کہ یہ کون ہے؟ یہ وہ عورت ہے جس کا بچہ بغیر شادی کے پیدا ہوا ہے، یہ وہی ہے''۔ اس ساری بدنامی کے باوجود اُسے کھڑے رہنا تھا۔ لوگ اُس سے دُور رہتے تھے۔

E-43 اِس سے مجھے آج کل کے لوگوں کی یاد آتی ہے جو روح القدس سے، زندہ خدا کی کلیسیا سے دُور رہنے کی کوشش کررہے ہیں۔ ''ان کو دیکھو۔ یہ مذہبی جنونی ہیں۔ ان سے ہٹ کر رہو''۔ یہ سب ٹھیک ہے، مریم جانتی تھی کہ وہ بچہ کس کا ہے۔ اور ہر شخص جو دوبارہ پیدا ہوتا ہے جانتا ہے کہ وہ کس کا ہے۔ پرواہ مت کریں دنیا خواہ جتنا بھی کہے کہ یہ مذہبی جنون ہے، ہر ایماندار اپنے دل میں جانتا ہے کہ وہ کہاں کھڑا ہے۔ آپ اُسے جس نام سے چاہیں پکار سکتے ہیں، اُسے اِس کی پرواہ نہیں۔ وہ جانتا ہے کہ وہ خدا کی بادشاہی میں کہاں کھڑا ہے۔

E-44 میں لوگوں کو دیکھ سکتا ہوں کہ اُن سے فاصلہ رکھتے ہوئے کہہ رہے تھے ''دیکھو ذرا، وہ رہی''۔ لیکن اُس نے ہرگز توجہ نہ دی، وہ بچے کے ساتھ لاڈ پیار کرتی رہی۔ اور عورتیں اپنے بچوں کو اپنا بنائی کا کام پہنائے چلی جا رہی تھیں۔ لیکن جلال کا بادشاہ معمولی کپڑے میں لپٹا ہوا تھا۔ مجھے بتایا گیا ہے کہ اُنہوں نے یہ کپڑا ایک بیل کے جوئے پر سے اتارا تھا اور اس میں بچے کو لپیٹ دیا تھا۔ وہ

اتنے غریب تھے کہ جب اُن کا بچہ پیدا ہوا تو اُن کے پاس اُس کے لئے کچھ بھی نہ تھا۔ ہر چیز کا خالق اُس صبح اُس عورت کے بازوؤں میں پڑا تھا اور اُس کے پہننے کے لئے ایک چوغہ تک نہ تھا۔

E-45 اوہ، میرے عزیزو، پھر ہم کون ہیں؟ ہم اِس دنیا میں کیا ہیں؟ جب آسمانی نجات دہندہ نیچے آیا، اور چرنی میں پیدا ہوا، ایک اصطبل کے دروازے سے داخل ہوا، اور سزائے موت پا کر نکلا ، جبکہ ہم شکایت کرتے ہیں۔ میرے عزیزو، ہمیں خود پر شرم آنی چاہیئے۔

E-46 اور پھر میں اُسے وہاں کھڑے دیکھ رہا ہوں، لیکن اب روح القدس اُس عمارت کے اندر موجود ہے۔ عزیزو، میں دیکھ سکتا ہوں کہ روح القدس شمعون پر نازل ہوتا ہے۔ اگر نجات دہندہ عمارت کے اندر موجود ہے، اور روح القدس نے شمعون سے وعدہ کیا تھا کہ وہ اپنی موت سے پہلے اُسے دیکھے گا، تو روح القدس پابند ہے کہ شمعون کو یسوع کے پاس لائے۔ یہ درست ہے۔ اُس نے اُس سے وعدہ کر رکھا ہے۔ یہ سچ ہے۔ پس میں دیکھ سکتا ہوں کہ شمعون طومار کا مطالعہ کر رہا ہے۔ میں براہِ راست اُسے یہ کہتے سن سکتا ہوں ''مجھے حیرت ہے کہ یہ کون تھا؟ یہ کب ہوگا؟''

E-47 اور ٹھیک اُسی لمحے روح القدس نے کہا ''شمعون، اپنے پاؤں پر اٹھ کھڑا ہو''۔ کیا آپ ایمان رکھتے ہیں کہ انسانوں، یا خدا کے فرزندوں کو خدا کے روح سے راہنمائی ملتی ہے؟ یقیناً ملتی ہے۔ آج بھی ملتی ہے۔ میں اُسے کہتے سن سکتا ہوں ''شمعون، اٹھ کھڑا ہو، چلنا شروع کر''۔

E-48 ''خداوند، تو مجھے کہاں لے جانا چاہتا ہے؟''

E-49 ''تیرا اِس سے کچھ کام نہیں، شمعون، تو بس چلتا جا''۔ یہ طریقہ ہے، فرمانبرداری سب سے بڑھ کر ہے۔

E-50 میں اُس دانشمند بزرگ کو آتے ہوئے دیکھ سکتا ہوں، اُس کے گالوں سے آنسو ڈھلک رہے تھے، اور وہ نہ جانتا تھا کہ کہاں جا رہا ہے۔ وہ چلتا ہوا لوگوں کے درمیان پہنچ گیا۔ وہ نہیں جانتا

تھا کہ کہاں جا رہا ہے۔ اُس کی راہنمائی روح القدس کر رہا تھا۔کوئی چیز اُس کے دل کے اندر زور مار رہی تھی ’’میں نہیں جانتا کہ کیا ہونے والا ہے، لیکن کچھ ضرور ہونے کو ہے‘‘۔ وہ عمارت کے اندر چلتا ہوا سیدھا اُس قطار کی طرف گیا جہاں عورتیں کھڑی تھیں، اور وہ عین اُس کم عمر عورت کے سامنے جا کھڑا ہوا جو بہت ذلت اٹھا چکی تھی، اُس کے بازوؤں سے بچے کو اٹھالیا، آنسو اُس کے گالوں پر بہہ رہے تھے، اور اُس نے کہا:

اے مالک، اب تو اپنے خادم کو اپنے قول کے موافق
سلامتی سے رخصت کر
کیونکہ میری آنکھوں نے تیری نجات دیکھ لی‘‘۔

وہ یہ کس طرح جانتا تھا؟ اُس سے وعدہ کیا گیا تھا۔ اُس نے ایمان رکھا کہ وہ اُسے دیکھے گا۔ یہ سچ ہے۔

E-51 ایک طرف کونے میں ایک نابینا بزرگ خاتون تھی جس کا نام حنّا بتایا گیا ہے، وہ روح سے معمور نبیہ تھی۔ وہ خداوند کی آمد کی منتظر تھی۔ روح القدس اُس پر نازل ہوا، اور وہ نابینا نبیہ روح القدس کی راہنمائی میں، لوگوں کے بیچ سے گزرتی ہوئی آئی۔ اور وہ سیدھی اُسی جگہ آئی جہاں وہ بچہ تھا، اپنے ہاتھ اٹھائے اور خدا کو مبارک کہا۔ روح القدس ایک نابینا عورت کو اُس کے پاس لا رہا تھا۔ میرے عزیزو! خدا کا روح ابھی تک خدا کے بیٹوں اور بیٹیوں کی راہنمائی کر رہا ہے۔ یہ سچ ہے۔

E-52 آج شب یہاں جو بیمار لوگ ہیں، الٰہی شفا پر ایمان رکھیں۔ کیا آپ ایمان رکھتے ہیں؟ اچھا، تو آج شام کون سی چیز آپ کو یہاں تک لائی؟ چونکہ خدا نے وعدہ کیا تھا، روح القدس آپ کو یہاں تک لایا ہے جہاں چشمہ جاری ہے، جو کوئی چاہے، آئے اور مفت لے۔ جس روح القدس

نے شمعون کی راہنمائی کی، اُسی نے آپ کی راہنمائی کی، کیونکہ اُس نے اپنے کلام میں اِس کا وعدہ کر رکھا ہے۔ آمین۔ ہمیں روح القدس سے راہنمائی ملتی ہے۔

E-53 خدا نے یہاں پر وعدہ کیا تھا کہ وہ آخری ایام میں اپنی نعمتیں انڈیلے گا۔ وہ اپنی کلیسیا کی خوبصورتی بحال کرے گا۔ جب وہ اُسے بطور الفا اور اومیگا کھڑا دیکھتے ہیں، جو سنگِ یشب اور عقیق سا معلوم دیتا ہے، اول اور آخر، جو تھا، جو ہے، اور جو آنے والا ہے، داؤد کی اصل و نسل، صبح کا ستارہ، شارون کا گلاب، وادیوں کا سوسن، جب وہ دیکھتے ہیں کہ وہ اُس وقت کیا تھا، تو وہ آج کے دن میں اُسے ڈھونڈتے ہیں۔ نبی نے کہا تھا ''شام کے وقت روشنی ہوگی''۔

E-54 خوشخبری پہلے مشرقی ممالک میں یہودیوں کو دی گئی تھی، اور یہ ایک مشرقی کتاب ہے۔ اور روح القدس مشرقی لوگوں پر نازل ہوا، مگر اب وہ کہتا ہے کہ ایک ایسا دن آئے گا جو نہ دن ہوگا نہ رات ہوگی۔ ہم اُسی وقت میں ہیں۔ ہم نے اِس میں زندگی گزاری ہے۔ یہ سچ ہے۔ یہ ایک ایسا دن ہے جہاں تاریکی نہیں، لوگ نجات پر ایمان رکھتے ہیں، وہ خدا پر ایمان رکھتے ہیں، لیکن خدا کی بڑی روشنی اِن تمام ایام کے دوران ایک دھندلے کے سبب چھپی رہی ہے۔

E-55 اور اب، سورج (بیٹا) سفر کرتا ہوا مغرب کے لوگوں پر جا پہنچا ہے۔ اور اُس نے فرمایا تھا ''شام کے وقت روشنی ہوگی''۔ بادل ہٹ گئے ہیں۔ وہی روح القدس جو ابتدا میں مشرقی لوگوں پر نازل ہوا تھا، آج مغربی نصف کُرّہ میں وہی روح القدس غیر قوموں پر نازل ہوکر وہی نشان اور عجیب کام، ہر ایک چیز آخری ایام میں دے رہا ہے جیسے اُس نے اُس وقت کیا تھا۔ اس لئے کہ نبی نے کہا تھا ''شام کے وقت روشنی ہوگی''۔

E-56 دیومالائی چیزوں اور کلیسیا پرستی، اور اِس کلیسیا، اُس کلیسیا، فلاں کلیسیا، میری کلیسیا، تیری کلیسیا میں شامل ہونے کے بادل مٹتے جا رہے ہیں، اور خدا لوگوں پر اپنا پاک روح نازل کر رہا

ہے،اور شام کے وقت روشنی چمکا رہا ہے۔اور............ یہ طے شدہ ہے۔لوگ قدم سے قدم ملاتے ، روز بروز بادشاہی میں آ رہے ہیں۔

E-57 میں آج رات یہ جان کر نہایت خوش ہوں کہ جس روح القدس نے شمعون سے وعدہ کر رکھا تھا، آپ کو شفا کا وعدہ دیتا ہے،اور وہ آپ کو آج رات چشمہ کے پاس لے آیا ہے۔ یہ پوری عمارت چشمہ ہے جہاں ٹھیک اِس وقت روح القدس ہر اُس فرد پر جنبش کر رہا ہے جس کا دل کھلا ہوا ہے،اور وہ اِسی وقت ہر شخص کو فقط ایمان لانے کے سبب شفا دے سکتا ہے۔خدا صرف یہ ایک کام آپ سے چاہتا ہے۔خداوند آپ کو برکت دے،اور زیادہ وقت لینے پر مجھے معاف کیجئے گا۔

E-58 ہم دعا کریں گے۔

E-59 باپ ، میں تیرے زندہ بیٹے خداوند یسوع مسیح کے نام سے دعا مانگتا ہوں کہ یہ عظیم روشنی................ جبکہ ظاہریت کے بادل چھٹتے جا رہے ہیں ، روح القدس اُسی قسم کی روشنی امریکہ اور مغربی دنیا کے دیگر حصوں میں چمکا رہا ہے۔اور اب وہ اُسی پیغام کو حاصل کر رہے ہیں تا کہ دوبارہ مشرق کے ساتھ ملاپ کر سکیں۔اے خداوند، بخش دے کہ تیرے بیٹے کی روشنی ہر ایک زندگی پر چمکے۔بخش دے کہ ہر شخص محسوس کرے کہ ہم نے تنظیم بندی کا جو سارا دن گزارا ہے وہ ابر آلود تھا، جس میں ہم داخل اور خارج ہوتے رہے، بلند و پست ہوتے رہے، نظاموں میں پھنسے رہے،لیکن نبی نے کہا تھا کہ ''شام کے وقت روشنی ہوگی''۔

E-60 اب ہماری نگاہیں تجھ پر لگی ہیں کہ آج رات تو کثرت و بہتات سے کام کرے۔اپنی بڑی قدرت کو جاری کر خداوند۔اپنا مُردوں میں سے جی اٹھنا ہم پر ظاہر کر، اور آج رات یہاں موجود لوگوں کو برکت دے۔اِس عبادت سے جلال حاصل کر۔اپنے خادم کو چھپا دے،اور بولنے والے کے لبوں،اور سننے والے کے کانوں کا ختنہ کر،اور بخش دے کہ ہر ایک دل معموری پائے۔

E-61 اور جب ہم آج رات یہاں سے روانہ ہوں تو ہم بھی اُن کی طرح جو اماؤس کی راہ پر تھے، کہہ اٹھیں ''کیا ہمارے دل جوش سے بھر نہ گئے تھے اُس خاص کام کی وجہ سے جو ہمارے خداوند نے کیا؟'' ہم اُسی کے نام میں مانگتے ہیں۔ آمین۔

E-62 میں نہیں جانتا کہ میں اِس طرح کی باتیں کیوں کرنے لگ جاتا ہوں۔ بس یہ مجھے پسند ہے۔ خادموں کا خزانہ جو یہاں بیٹھا ہے، جو روح کی معموری کے ساتھ بیٹھے ہیں، اور میں ان کے بیچ میں کھڑا ہوں۔

E-63 کیا واقع ہوسکتا ہے؟ کچھ بھی واقع ہوسکتا ہے۔ اور عزیزو، ایک ہی چیز کی ضرورت ہے۔

E-64 کاش میں یہ ایک ہی کام کرسکتا۔ میں کوئی بڑا مقرر نہیں ہوں، مقررین سٹیج پر بیٹھے ہیں۔ میں تو ایک نعمت کے ساتھ بیماروں پر دعا کرنے کے لئے ہوں۔

E-65 اور جب بھی آپ دیکھتے ہیں کہ اِس خدمت کے وسیلے کلام اتنے واضح طور پر بیان ہوتا ہے، تو خدا اترتا اور اس کلام کی تصدیق کرتا ہے، تو پھر آپ کس بات کا انتظار کر رہے ہیں؟ کیوں دیر کر رہے ہیں؟

E-66 تب وقت ہوتا ہے کہ اٹھ کھڑے ہوں، اور پختہ اور ٹھوس ایمان کے ساتھ کہیں ''ہاں خداوند، میرا ایمان تیری طرف دیکھتا ہے۔ میں تجھ پر ایمان رکھتا ہوں۔ میں تیرے ساتھ کھڑا رہوں گا، خداوند تو میرے جہاز کا کپتان ہے، مجھے ساتھ لے چل خداوند۔ میں تیرے ساتھ چلنے کے لئے آیا ہوں۔ خواہ جو بھی قیمت ہو، جو بھی قیمت ادا کرنا پڑے، جتنا بھی سفر ہو، میں اِس ناؤ کو تیرے ساتھ لے کر چلوں گا''۔

E-67 اے خدا، یسوع کے نام سے آج شام یہ سب بخش دے۔

E-68 میرا خیال ہے کہ اب آڈیٹوریم کے بند کئے جانے کا وقت ہو گیا ہے۔ ہم بولتے ہوئے بہت وقت لگا دیتے ہیں۔ اوہ، مگر مجھے یہ معلوم نہیں ہو پاتا، ہم آپ سے محبت کرتے ہیں، اور اِسی سبب سے ہم ایسا کرتے ہیں۔

E-69 بِلّی پال کہاں ہے؟ کون سے کارڈ ........... کیا اُنہوں نے کارڈ تقسیم کئے تھے؟ ٹھیک ہے، کے پچاس سے ایک سو تک۔ ٹھیک ہے، ہم کے پچھتر سے شروع کرتے ہیں۔ کے پچھتر کا کارڈ کس کے پاس ہے؟ ٹھیک ہے، چھہتر؟ سو نمبر تک کے لوگ آ جائیں، اس طرح ہم پچیس لوگوں سے شروع کر سکیں گے۔

E-70 (مجھے یقین ہے کہ جتنے ........... کیا ہم اتنے لوگوں کو کھڑا کر سکتے ہیں؟ آ یئے ہم پہلے پندرہ سے شروع کرتے ہیں، یا پھر کس طرح کریں؟)

E-71 ٹھیک ہے، کے پچھتر سے نوے تک ........... پھر ہم اس سے آگے بلا لیں گے۔ بالکل ٹھیک۔ اور پھر ہم دیکھیں گے کہ کتنوں کو داخل کرا سکتے ہیں۔ ٹھیک ہے۔ کیا آپ کھڑے ہوں گے؟ اگر کچھ لوگ کھڑے نہ ہو سکتے ہوں تو وہ کسی منتظم کو بلا لیں اور وہ آپ کی مدد کریں گے۔

E-72 ٹھیک ہے، اب اگر باجا بجانے والا ''فقط ایمان رکھو'' کا گیت بجائے تو میں اس کو بیحد سراہوں گا۔ اور آ یئے اب اِسے ہر طریقے سے گائیں، یا گنگنائیں، یا جیسے بھی کریں، فقط ایمان رکھو۔ ٹھیک ہے۔ (یہاں گیتوں کی راہنمائی کرنے والا کون ہے؟)

فقط ایمان رکھو، فقط ایمان
سب کچھ ہے ممکن، فقط رکھو ایمان
فقط ایمان رکھو، فقط ایمان
سب کچھ ہے ممکن، فقط رکھو ایمان (پچھتر سے ایک سو تک)۔

E-73 خداوند آپ کو برکت دے۔اب، میں چاہتا ہوں کہ آپ اِس طرف دیکھیں، اور اگر آپ پسند کریں تو تھوڑی دیر کے لئے مجھے آپ کی یکسو توجہ چاہیئے۔

E-74 آیئے آج رات تصور کریں ............اب، ہم جانتے ہیں کہ کل آپ کی کچھ سرگرمیاں ہوں گی، اگر کوئی کل آنے والا ہوتو۔اگر ایسا نہیں ہوتا، تو پھر ہم جلال میں اکٹھے ہوں گے، پس اس سے یہ طے ہو جائے گا۔ آیئے آج رات ہم بس یہ کہیں کہ ہم آج رات اور کل رات اِس خوبصورت شرائنز آڈیٹوریم میں جمع ہوں گے۔

E-75 آیئے کہیں کہ آج کی رات ہمارے شفا پانے کی رات ہے۔''خداوند، آج رات میں اپنی تمام بے اعتقادی کے سایوں کو ہٹا رہا ہوں۔ میں مزید بے اعتقادی نہیں کروں گا۔ میں خود کو بند کرنے جا رہا ہوں تا کہ آج رات عالمِ بالا کی طرف دیکھ سکوں۔ میں یہ توجہ نہیں کرنے جا رہا کہ میرے آس پاس کون بیٹھا ہے۔ میں اوپر دیکھنے جا رہا ہوں۔ میں تجھے دیکھنے جا رہا ہوں، خداوند یسوع۔ میں تجھ پر ایمان رکھنے جا رہا ہوں کہ تو آ رہا ہے اور وہی کام کرے گا جو تو نے کرنے کا کہا تھا۔خداوند، اب میں کیا تلاش کرنے جا رہا ہوں؟ تو نے فرمایا تھا کہ تو مردوں میں سے جی اٹھا اور ابدالآباد زندہ رہے گا۔اور کلام سکھاتا ہے کہ تو کل، آج، بلکہ ابد تک یکساں ہے۔اب، اے باپ، مجھے احساس ہوا ہے کہ تو نے اپنی کلیسیا سے وعدہ کیا تھا کہ جو کام تو کرتا تھا وہ بھی کریں گے۔ بائبل کے مطالعہ کے مطابق جب تو زمین پر تھا تو کیا کام کرتا تھا؟ تو نے عظیم شخص ہونے کا دعویٰ نہ کیا۔

E-76 لیکن اُس کے متعلق ایک بات ظاہر ہے۔اُس نے کہا تھا''میں وہی کرتا ہوں جیسے باپ مجھے دکھاتا ہے۔ میں رویا دیکھتا ہوں، باپ مجھے دکھاتا ہے کہ کیا کرنا ہے، اور پھر میں اُسی طرح کرتا ہوں''۔

E-77 ایک عورت اُس کے پاس آئی جو اچھی شہرت کی مالک نہ تھی۔شاید وہ آغاز میں یہ نہ

جانتا ہو۔اُس نے اُس کے ساتھ گفتگو جاری رکھی ،اور جب وہ کچھ دیراُس کے ساتھ باتیں کر چکا تو اُس نے کہا’’جا اپنے شوہر کو بلا لا‘‘۔

E-78 اُس نے کہا’’میرا کوئی شوہر نہیں‘‘۔وہ............

E-79 اُس نے کہا’’تو پانچ شوہر کر چکی ہے‘‘۔اِس سے وہ حیران رہ گئی۔

E-80 اور وہ کہنے لگی’’مجھے لگتا ہے کہ تو نبی ہے۔ہم جانتے ہیں کہ مسیح آنے والا ہے‘‘۔

E-81 اُس نے کہا’’میں وہی ہوں‘‘۔پس وہ بھاگتی ہوئی شہر کو گئی اور بتانا شروع کیا کہ کیا واقع ہوا تھا،اور یہ مسیح کو قبول کرنے کا سبب بنا۔

E-82 اور فلپس اُس علاقے میں گیا اور وہاں عظیم بیداری آئی کیونکہ یسوع وہاں سے گزرا تھا۔

E-83 ہمارے درمیان بھی بہت بڑی بیداری آئے گی اگر ہم اُسے اِس راستے سے گزرنے دیں۔

E-84 ہم دیگر مواقع پر دیکھتے ہیں کہ اُسے معلوم تھا کہ ایک مچھلی کے منہ میں مثقال ہے۔وہ جانتا تھا کہ گدھے کہاں پر موجود ہیں اور اُن کو دو طرف کھینچا جا رہا ہے۔کیا یہ کلام کی بات ہے؟

E-85 ایک دن شمعون نام ایک آدمی اُس کے پاس آیا۔یسوع اُس کا نام جانتا تھا۔اُس نے کہا’’تیرا نام شمعون ہے،لیکن اب سے تو پطرس کہلائے گا‘‘۔

E-86 اُس کے پاس فلپس آیا،اور اُس نے ناتن ایل کو ڈھونڈا،اور ناتن ایل اُس کے پاس آیا۔اُس نے کہا’’تو اچھا انسان ہے،اور سچا اور دیانتدار انسان ۔دیکھو یہ ایک اسرائیلی ہے جس میں مکر نہیں‘‘۔

E-87 اُس نے کہا’’ربی،تو مجھے کب سے جانتا ہے؟‘‘

E-88 اُس نے جواب دیا’’اِس سے پہلے کہ فلپس تجھ سے ملا ، جب تو درخت کے نیچے

تھا’’۔اوہ۔

E-89 اُس نے کہا’’تو خدا کا بیٹا ہے۔تو اسرائیل کا بادشاہ ہے‘‘۔

E-90 لیکن اب ایک سرد اور بے پرواہ دنیا ہے، خادمین نے لوگوں کو اِن چیزوں کے خلاف سکھایا ہے۔آج وہ کہتے ہیں’’یہ ٹیلی پیتھی ہے، یہ شیطان ہے‘‘۔اُس زمانہ میں بھی اُنہوں نے اِسی طرح کیا تھا۔اُنہوں نے کہا تھا کہ یسوع سب سے بڑا انجومی ہے، وہ’’بعل زبول‘‘ ہے۔مگر وہ خدا کا بیٹا تھا، جو بھیس میں تھا، اور وہ اُسے جانتے نہ تھے۔اُنہوں نے اپنی آنکھیں کھول..................

E-91 اُس نے کہا’’تمہاری آنکھیں ہیں پر تم دیکھ نہیں سکتے، کان ہیں، پر سن نہیں سکتے۔ یسعیاہ نے یہ بیان کیا تھا، اور کہا تھا کہ اِس طرح ہوگا، بالکل اِس طرح ہوگا‘‘۔

E-92 اگر آپ پسند کریں تو میں آج شام آپ سے کچھ پوچھنا چاہتا ہوں۔میں چاہتا ہوں کہ جہاں تک ممکن ہو آپ مؤدب اور خاموش رہیں۔اور اب بھائی مجھے دیکھیں گے.............

E-93 (کیا آپ سب............، ہم نے کتنے لوگوں کو بلایا تھا؟ پندرہ۔ٹھیک ہے۔کیا کچھ اور لوگوں کے لئے جگہ ہے؟ ہے؟ کیا کہتے ہیں؟ ٹھیک ہے)۔

E-94 ٹھیک ہے۔اب میں آپ سے کچھ پوچھنا چاہتا ہوں، مسیحی عزیزو۔اِس روش میں، کہیں پر بھی، کتنے لوگ بیمار ہیں، اور آپ کے پاس دعائیہ کارڈ نہیں، آپ اِس جگہ پہنچ نہیں سکے کیونکہ آپ کے پاس دعائیہ کارڈ نہیں تھا؟ اپنا ہاتھ بلند کر کے کہئے’’میں چاہتا ہوں کہ خدا آج شام مجھے شفا بخشے‘‘۔عمارت کے اندر کہیں پر بھی، خواہ آپ کہیں پر بھی ہیں، فقط اپنا ہاتھ بلند کیجئے۔ٹھیک ہے۔اب آپ اِدھر دیکھیں اور ایمان رکھ کر دعا کریں۔

E-95 اب، اِس کی وضاحت کی کوشش کرنے کی ضرورت نہیں۔خداوند یسوع نے اپنے سامعین کی طرف دیکھا، اُس نے ایک عورت سے جسے جریانِ خون کی بیماری تھی کہا’’تیرے ایمان

نے تجھے بچالیا''۔اُس نے سامعین کے بیچ کھڑے ایک نابینا شخص سے کہا''تیرے ایمان نے تجھے بچالیا''۔دیکھئے،اُس نے مڑکر سامعین کی طرف دیکھا اوراُن کے خیالات معلوم کر لئے۔کیا یہ سچ ہے؟ اُس نے اُن کے خیالات معلوم کر لئے کہ وہ کیا سوچ رہے تھے۔اب آپ دعا مانگنا شروع کریں،اورخداوندیسوع آئے اورمیری مدد فرمائے۔

E-96 خداوند،اپنے جلال کی خاطر یہ بخش دے،میں مسیح کے نام میں مانگتا ہوں۔آمین۔

E-97 روح القدس یہاں موجود ہے۔اب، بھائیو،آپ جو میرے عقب میں بیٹھے ہیں، بیشک یہ بہت مشکل وقت ہوتا ہے جب دونوں اطراف سے روحیں آرہی ہوتی ہیں۔اس لئے ہر طرف سے میرے لئے دعا کرتے رہیئے۔کیا آپ محسوس کرتے ہیں کہ میں یہاں ناقدین کے سامنے کھڑا ہوں؟ جونہی یہ مسح نازل ہوتا ہے،آپ اسے محسوس کر سکتے ہیں،آپ دیکھتے ہیں کہ جگہ جگہ سے دھبے آرہے ہوتے ہیں۔ یہ مشکل تو ہے،لیکن آپ بس دعا کریں،اورایمان کی دیوار کھڑی کریں۔

E-98 ٹھیک ہے بھائی جی، خاتون کو لے کرآئیں۔مریض قطار میں آئیں، جو لوگ قطار بنائے کھڑے ہیں، یا عمارت کے اندر کہیں پر بھی ہیں، جب تک آپ ایمان نہ رکھتے ہوں، اِس دعائیہ قطار میں مت آئیں۔کیونکہ یادرکھئے،آپ کی حالت پہلے سے بھی بُری ہو جائے گی۔بائبل کہتی ہے''جا اور پھر............'' پھر کیا نہ کرنا؟[جماعت کہتی ہے''گناہ''--ایڈیٹر] گناہ کیا ہے؟ ''بے اعتقادی''۔''جا اورمزید بے اعتقاد نہ ہونا، ورنہ تیری حالت پہلے سے بھی بدتر ہو جائے گی''۔سمجھ گئے؟اس لئے آپ کو بے اعتقاد نہیں ہونا چاہیئے۔

E-99 اب،جھوٹ،چوری،شراب نوشی، جُوا گناہ نہیں بلکہ گناہ کی خاصیتیں ہیں۔آپ یہ کام اس لئے کرتے ہیں کیونکہ آپ ایمان نہیں رکھتے۔اگرآپ ایمان رکھتے ہوں تو آپ ایسے کام نہیں

کریں گے۔ دیکھئے، یہ خاصیت ہے۔

E-100 جہاں تک مجھے معلوم ہے یہ لوگ میرے لئے اجنبی ہیں۔ میرا گھر انڈیانا میں ہے۔ اور جہاں تک میں جانتا ہوں، یہ لوگ میرے لئے مکمل اجنبی ہیں۔ اِس وقت عمارت کے اندر، سامعین میں سے کوئی ایسا شخص نہیں جس سے میں واقف ہوں، صرف سٹیج پر چند لوگ ہیں جن کو میں پہچانتا ہوں۔ برادر براؤن، برادر مُور، اور چنداَور بھائی یہاں بیٹھے ہیں۔ قادرِ مطلق خدا جس کے حضور میں کھڑا ہوں جانتا ہے کہ یہ سچ ہے، مگر وہ آپ میں سے ہر ایک کو جانتا ہے۔ دعا کیجئے اور ایمان رکھئے۔

E-101 میں خاتون کے ساتھ تھوڑی سی گفتگو کرنا چاہتا ہوں، اس لئے کہ روح القدس اِس میٹنگ میں آنے کا راستہ پا سکے۔ میری بہن، پہلے نمبر پر میں آپ سے ایک سوال پوچھنا چاہتا ہوں۔ اگر خداوند یسوع یہاں موجود ہوتا، اور اُس نے یہی سوٹ پہن رکھا ہوتا جو اُس نے مجھے عطا کیا ہے، تو کیا ہوتا؟ اور اگر آپ کہتے ''میں بیمار ہوں۔ مجھے شفا کی ضرورت ہے''۔

E-102 تو وہ کہتا ''میں نے اُنیس سو سال پہلے تمہیں شفا دے دی تھی۔ کیا تم اس پر ایمان نہیں رکھتے؟'' سمجھ گئے؟ وہ آپ کو شفا نہ دے سکتا، اس لئے کہ وہ پہلے ہی یہ دے چکا ہے۔ اگر آپ کہتے ''میں ایک گنہگار ہوں۔ مجھے نجات کی ضرورت ہے''۔ وہ اب آپ کو نجات نہ دے سکتا، وہ یہ پہلے ہی دے چکا ہے۔ آپ کو اِسے قبول کرنا ہوتا ہے، تب یہ آپ کی ہو جاتی ہے۔ سمجھ گئے؟

E-103 اب، دیکھئے، کہ اگر ایمان سننے سے پیدا ہوتا ہے، اور سننا کلام سے، تو پھر خدا نے کلیسیا میں الگ الگ نعمتیں مقرر کی ہیں، اور کلیسیا کی ترتیب بنائی ہے۔ کیا یہ سچ ہے؟

E-104 اب، میں بلاشبہ آپ سے مقصد کے تحت گفتگو کر رہا ہوں۔ ٹھیک۔ وہی مقصد ہے جو یسوع مسیح کے مدِنظر تھا جب وہ کنویں پر عورت سے گفتگو کر رہا تھا، یعنی آپ کی روح اور جان تک

رسائی حاصل کرنا۔ یہ درست ہے۔ اور میں چاہتا ہوں کہ آپ پورے دل سے ایمان رکھیں کہ یسوع مسیح وہ سب کرنے کے لئے یہاں موجود ہے جس کے لئے ہم نے اُس سے درخواست کی ہے۔کیا آپ اپنے پورے دل سے یہ ایمان رکھتے ہیں؟ جبکہ ہمیں معلوم ہے کہ ہم ایک دوسرے کے لئے اجنبی ہیں، اگر خدا مجھ پر ظاہر کر دے کہ آپ کی کیا تکلیف ہے، تو کیا آپ ایمان کے ساتھ اسے قبول کریں گی؟

E-105 اگر ہم ایک دوسرے کے لئے اجنبی ہیں، اور اپنی زندگی میں کبھی ایک دوسرے کو نہیں دیکھا، تو اپنا ہاتھ بلند کیجئے؟ اور ہمارا کبھی بھی، کسی بھی طریقہ سے باہم کوئی رابطہ نہیں رہا، فقط ہم یہاں کھڑے ہیں۔کیا آپ ایمان رکھتی ہیں کہ خدا آپ کی مدد کرنے کو ہے؟

E-106 آپ دکھ اٹھا رہی ہیں۔کوئی ایسی چیز ہے جیسے کوئی پیچھے دیکھ رہا ہو۔آپ کا سر پیچھے کو ہٹا ہوا ہے۔ یہ ایک رسولی ہے۔ رسولی ناک کے اندر ہے۔ یہ درست ہے، کیا ایسا نہیں؟ یہاں آ جایئے۔آپ کا کیا خیال ہے؟ آپ کیا قبول کرتی ہیں کہ یہ کیا تھا، مجھے بتایئے کہ آپ کی کیا تکلیف تھی؟ کیا آپ ایمان رکھتی ہیں کہ یہ یسوع مسیح ہے؟ [بہن کہتی ہے ''جی ہاں، میں ایمان رکھتی ہوں''--ایڈیٹر]۔

E-107 باپ، میں نے وہی کیا ہے جو تو نے میرے کرنے کے لئے مقرر کر رکھا تھا۔ جیسے تو نے بتا رکھا تھا میں نے وہ سب پورا کیا ہے۔تو نے تصدیق کر دی ہے کہ جو کچھ تو نے مجھے بتایا تو اُسے کرے گا۔اب، یسوع مسیح خدا کے بیٹے کے نام سے میں دشمن سے کہتا ہوں، صرف کہتا نہیں بلکہ حکم دیتا ہوں کیونکہ یسوع مسیح نے مجھے اختیار دے رکھا ہے۔

E-108 اِس عورت میں سے نکل آ۔

E-109 یسوع کے نام میں، آمین۔

E-110 بالکل ٹھیک، بہن، شادمانی اور خوشی کے ساتھ جاؤ، اور صحت یاب ہو جاؤ۔ بالکل ٹھیک۔

E-111 ایمان رکھتے ہوئے آیئے۔ ایمان کیساتھ آیئے۔ آپ کو ایمان رکھنا چاہئے، پورے دل سے ایمان رکھنا چاہئے۔ آپ کو ایمان رکھنا چاہئے کہ خدا زندہ ہے اور جو جانفشانی سے اُسے ڈھونڈتے ہیں اُن کا بہت بڑا اجر ہے۔ اب، جس حد تک ہوسکتا ہے مؤدّب ہو جائیں۔

E-112 خاتون، میں چاہتا ہوں کہ آپ تھوڑی دیر کے لئے یہاں آ جائیں۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ یہ ایمان رکھیں کہ خداوند یسوع مسیح مر گیا اور جی اٹھا، اس لئے کہ آپ مسیحی ہیں۔ اب میں ایک روح سے معمور مسیحی کو دیکھ رہا ہوں۔ بالکل ٹھیک۔ یہ مجھے کیسے معلوم ہوا، آپ کی روح کے احساس سے، کہ آپ یہ کچھ ہیں۔ اب، کوئی معاملہ ہے جس کے لئے آپ یہاں آئی ہیں۔ کیا آپ یقین کرتی ہیں کہ میں خدا کا خادم ہوں؟ کیا آپ یقین کرتی ہیں کہ خدا نے مجھے اِن کاموں کو کرنے کے لئے بھیجا ہے؟ آپ ایمان رکھیں۔ اب، آپ کا مسئلہ یہ ہے کہ آپ کے جسم میں کسی چیز کی کمی ہے۔ یہ ہڈیوں کا کیلشیم ہے۔ آپ حادثہ کا شکار ہوئی تھیں۔ آپ گر گئیں اور آپ کا بازو ٹوٹ گیا جو ٹھیک نہیں ہو رہا۔ یہ درست ہے۔ کیا آپ ایمان رکھتی ہیں کہ یسوع مسیح آپ کو شفا دینے کو ہے؟

E-113 خدا باپ، جب میں اِس عورت پر ہاتھ رکھوں تو یسوع کے نام سے اُس کے جسم کے عناصر کی کمی کو پورا کر دے۔ خدا کے بیٹے یسوع مسیح کے نام سے میں اس عورت کی شفا مانگتا ہوں۔ آمین۔ بہن، خدا آپ کو برکت دے۔ خوشی مناتے ہوئے جایئے۔

E-114 سیاہ فام خاتون جو پیچھے بیٹھی ہے اور جوف کی تکلیف میں مبتلا ہے۔ خاتون، کیا آپ اِس وقت شفا پانا چاہتی ہیں؟ آپ جو اُدھر بیٹھی ہیں اور اِس طرف دیکھ رہی ہیں .......... کیا آپ ایمان رکھتی ہیں کہ خدا شفا دیتا ہے؟ اپنے پاؤں پر کھڑی ہو جایئے۔ وہ خاتون جس نے عینک لگا رکھی ہے، اپنے پاؤں پر کھڑی ہو جائیں۔ اُس نے وہیں پر آپ کو شفا دے دی تھی۔ خدا آپ کو

برکت دے۔اب آپ گھر جاسکتی ہیں۔آپ کو جوف کی تکلیف تھی۔اب وہ آپ کو چھوڑ گئی۔خدا آپ کو برکت دے،آپ کو شفا مل گئی۔

E-115 خدا پر ایمان رکھیں۔فقط ایمان رکھیں، ایمان رکھیں کہ خدا یہ کرسکتا ہے اور کرے گا۔ بالکل ٹھیک۔

E-116 کیا آپ خاتون کو یہاں لائیں گے؟ بہن جی، خدا آپ کو برکت دے۔اب، بلاشبہ، گفتگو کرتے ہوئے...... عام طور پر میں یہ معلوم کرنے کی کوشش کرتا ہوں کہ کسی شخص کو کیا مسئلہ ہے، اور جس وقت روح القدس مجھے دکھا دیتا ہے،تو میں اسے حوالے کرتے ہوئے اُس کی طرف جانے دیتا ہوں، لیکن آپ لوگوں سے جتنی گفتگو کریں اُن کے بارے میں اتنا ہی زیادہ جان سکتے ہیں۔ اس سے یہ ہوتا ہے........... کہ میں اتنا کمزور ہوجاتا ہوں کہ مزید رویا نہیں دیکھ سکتا۔

E-117 ایک عورت یہاں بیساکھیوں کے سہارے کھڑی ہے، یقیناً ہم دیکھ سکتے ہیں کہ اُس کی کیا مشکل ہے۔وہ بیساکھیوں پر کھڑی ہے، لیکن اِس کے پیچھے کچھ اَور بھی ہوسکتا ہے۔ میں نہیں جانتا۔ وہ بیساکھیوں کے سہارے کیوں کھڑی ہے؟ میں آپ کو نہیں بتا سکتا۔خدا یہ جانتا ہے، کیا نہیں ا؟اب آپ تعظیم کیساتھ رہیئے گا۔ مجھے ذرا خاتون سے بات کرنے دیجئے۔

E-118 بہن جی، خدا کا خادم ہونے کی حیثیت میں، فقط رابطے کی غرض سے میں آپ سے کچھ گفتگو کرنا چاہتا ہوں۔اور آپ محسوس کرتی ہیں کہ پہلے ہی کچھ واقع ہو رہا ہے، اس لئے کہ یہ روح القدس ہے۔آپ کو یہ آگاہی ہے کہ کوئی عجیب چیز یہاں جنبش کر رہی ہے۔کیا یہ سچ ہے؟ اگر ایسا ہے تو اپنا ہاتھ ہلائیے۔یہ سچ ہے۔سمجھ گئے؟

E-119 کیا آپ خداوند کے فرشتہ کی اُس تصویر کو دیکھتی ہیں، کیا یہاں عبادت میں وہ موجود ہے؟ یہ اُن کے پاس چھوٹے کاغذوں پر موجود تھی۔ مجھے یقین ہے کہ اُنہوں نے یہ تصویریں یہاں

فروخت کی ہیں۔ یہ سٹیج پر موجود ہونی چاہیئے۔البتہ،آپ اسی کومحسوس کررہی ہیں۔

E-120 یہ میرے اور آپ کے درمیان دودھیا رنگت کا ہوتا جا رہا ہے۔ہم ایک دوسرے کے لئے مکمل اجنبی ہیں۔ میں نے اپنی زندگی میں آپ کو کبھی نہیں دیکھا۔ آپ نے مجھے نہیں دیکھا۔ہم بالکل اجنبی ہیں۔لیکن خدا آپ کو جانتا ہے۔ وہ مجھے جانتا ہے۔اگر میں آپ کو شفا دے سکتا، یا آپ کی بیساکھیاں لے سکتا، یا جو بھی مسئلہ ہوتا، اور اگر میں ایسا نہ کرتا،تو میں کوئی حیوان ہوتا۔ خاتون، میں ایسا نہیں کرسکتا۔شفا دینے کیلئے میرے یا کسی اور انسان کے اندر ایسا کچھ نہیں۔ یہ یسوع مسیح کے اندر اور آپ کے ایمان کے اندر ہے۔ہم فقط یہ کر سکتے ہیں کہ یا تو کلام کی منادی کریں، یا کسی الہٰی نعمت کے ساتھ آپ کو ایمان کے اس مقام تک پہنچائیں۔کیا یہ درست نہیں ہے؟ آپ اس پر ایمان رکھیں۔

E-121 اب آپ مجھے فقط خدا کا خادم جان کر میری طرف دیکھیں۔آپ بہت بیمار رہی ہیں۔ آپ کے لئے پہلے بھی دعا کی گئی تھی۔ یہ جریانِ خون کی قسم یا کینسر تھا۔ایک لمبے قد اور بل دار بالوں والے آدمی نے آپ کے لئے دعا کی تھی۔آپ کو شفا مل گئی تھی۔ یہ برادر جیگرز تھے۔میں نے اُن کو دیکھا ہوا ہے، وہ برادر جیگرز تھے۔میں نے دیکھا کہ اُنہوں نے میری طرف پشت کی ہوئی تھی۔اور آپ اب تکلیف اٹھا رہی ہیں............ایک منٹ............آپ کے گلے میں کوئی مسئلہ ہے۔ گلے میں خوراک کی نالی کی خرابی ہے۔اور آپ بچوں کی خوراک پر جی رہی ہیں، محض شیرخواروں کی خوراک پر۔آپ کو جوڑوں کا درد بھی ہے جو آپ کو اپاہج بنا رہا ہے۔اور، خدا آپ کو برکت دیتا ہے۔

E-122 آیئے ہاتھ بلند کر کے خداوند یسوع کا شکر ادا کریں۔خدا آپ کو برکت دے۔بہن، آپ سٹیج پر سے جا سکتی ہیں۔

E-123 اے خدا، ہمارے آسمانی باپ، ہم تیرے رحم، شفقت، اور محبت کے لئے تیرا شکر ادا کرتے ہیں۔اور میری دعا ہے کہ تیرے لوگوں پر تیرا رحم ہو، اور خداوند یسوع کی قدرت سے آج رات ہر ایک شفا پا جائے۔

E-124 اُس کی عظیم ہمہ گیر برکات اِس عبادت کو ایسی عظیم عبادت بنا دیں جس کی آپ نے آرزو کی تھی...................

☆☆☆☆☆☆☆